INTERLOOP

30 جون، 2023 کو ختم ہونے والے سال کے لیے عبوری نقد منافع منقسمہ کا کریڈٹ اور عبوری بونس شیئرز سرٹیفکیٹس کا کریڈٹ / ترسیل

عبوری نقد منافع منقسمہ

ہمیں آپ کو مطلع کرتے ہوئے خوشی ہے کہ 30 جون، 2023 کو ختم ہونے والے سال کے لیے 3.0 روپے فی شیئر (30%) کی شرح سے عبوری نقد منافع منقسمہ (D-9) 23 جون، 2023 کو اُن شیئر ہولڈرز کے بتائے ہوئے بینک اکاؤنٹس میں الیکٹرانک طریقے سے براہ راست کریڈٹ کیا جا چکا ہے جنھوں نے اپنے سی این آئی سی اور انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹس نمبر (IBAN) پیش کر دیئے تھے۔

کمپنی نے کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 242 کے تقاضوں اور بعد ازاں سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے SRO 1145(I)/2017 کے ذریعے نوٹیفکیشن کے تقاضوں کی تعمیل کرتے ہوئے اُن شیئر ہولڈرز کا منافع منقسمہ روک لیا ہے جنھوں نے ابھی تک IBAN سمیت اپنی مکمل بینک تفصیلات فراہم نہیں کی ہیں۔ لہٰذا، شیئر ہولڈرز کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ اپنے استحقاق کے اجراء کے لیے اپنے کارآمد سی این آئی سی کی صاف ستھری کاپی اور IBAN سمیت مکمل بینک تفصیلات کے ساتھ کمپنی یا اس کے شیئر رجسٹرار سے رابطہ کریں۔

شیئر ہولڈرز کو مطلع کیا جاتا ہے اور ان سے درخواست ہے کہ وہ ادا شدہ، غیر ادا شدہ، یا روکے گئے نقد منافع منقسمہ سے متعلق معلومات / تفصیلات اور زکوٰۃ اور ٹیکس کٹوتی کی رپورٹ حاصل کرنے کے لیے ویب پورٹل http://eservices.cdcaccess.com.pk کے ذریعے خود کو سی ڈی سی کی ای سروسز سہولت "Centralized Cash Dividend Register" (CCDR) میں رجسٹر کروائیں۔ مزید برآں، آپ کو اس رپورٹ کی ایک کاپی آپ کے رجسٹرڈ ای میل ایڈریس پر بھی موصول ہوگی۔

عبوری بونس شیئرز

ہمیں آپ کو مطلع کرتے ہوئے خوشی ہے کہ 30 جون، 2023 کو ختم ہونے والے سال کے لیے 50% یعنی زیر ملکیت ہر ایک سو شیئرز پر پچاس شیئرز کی شرح سے انٹرلوپ لمیٹڈ کے عبوری بونس شیئرز (B-3)، جیسا کہ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اجلاس منعقدہ 09 جون، 2023 میں منظوری دی گئی تھی، 23 جون، 2023 کو کاروباری اوقات بند ہونے کے بعد سنٹرل ڈیپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ کے سنٹرل ڈیپازٹری سسٹم (CDS) میں شیئر ہولڈرز کے متعلقہ اکاؤنٹس / سب۔ اکاؤنٹس میں کریڈٹ کیے جا چکے ہیں۔ علاوہ ازیں، فزیکل شیئر ہولڈرز کے لیے عبوری بونس شیئر سرٹیفکیٹس بھی کوریئر سروس کے ذریعے ارسال کر دیئے گئے ہیں۔

عبوری بونس شیئرز کے تمام fractions کو یکجا کر دیا گیا ہے اور یہ مارکیٹ ویلیو پر فروخت کروائے جائیں گے اور اس طرح جو رقم وصول ہوگی وہ کسی خیراتی ادارے کو عطیہ کر دی جائے گی، جیسا کہ بورڈ آف ڈائریکٹرز اپنے اجلاس منعقدہ 09 جون، 2023 میں اختیار دے چکے ہیں۔

کسی استفسار کی صورت میں برائے مہربانی مندرجہ ذیل پتہ پر ہمارے شیئر رجسٹرار سے رابطہ کیجئے:

میسرز CDC شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، 99-B، S.M.C.H.S، مین شاہراہ فیصل، کراچی-74400

فیصل آباد
27 جون، 2023

(رانا علی رضا)
کمپنی سیکریٹری